## دوسرا حصہ

4 مراۃالعروس، ڈپٹی نذیر احمد

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

(a) ناول مراۃالعروس کا مقصد عورتوں کی اصلاح ہے۔ آپ کے خیال میں مصنف اپنے مقصد میں کس حد تک کامیاب ہوا؟ تفصیل سے لکھیے۔

یا

(b) ناول مراۃالعروس ایک خاص دور کی عکاسی کرتا ہے۔ مصنف اس ناول کے پڑھنے والے کو اس دور سے آگاہ کرنے میں کس حد تک کامیاب ہوا ہے؟

5 افسانے

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

(a) آپ کے خیال میں افسانہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کی مقبولیت کی اصل وجہ اس کا موضوع ہے یا مصنف کا انداز بیان ہے؟ افسانے کے حوالے سے اپنے جواب کی تفصیل سے وضاحت کیجیے۔

یا

(b) افسانہ نظارہ درمیاں ہے کس حد تک ہمارے معاشرے کی عکاسی کرتا ہے؟ افسانے کے حوالے سے اپنے جواب کی تفصیل سے وضاحت کیجیے۔

6 انارکلی، امتیاز علی تاج

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

(a) شہزادہ سلیم کو ایک عام انسان کی بجائے ایک ولی عہد کی طرح سوچنا چاہیے تھا۔ ڈرامہ انارکلی کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(b) انارکلی کی موت کا فیصلہ اکبر اعظم کی مجبوری تھی۔ بحث کیجیے۔

© UCLES 2023


https://xtremepape.rs/

